| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 1 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب چہارم: تاریخ (History) | سبق کا نام: انسانی تہذیب کا آغاز<br>(Beginning of the Human Civilization) |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- دنیا کے بڑے دریاؤں اور ساحلی علاقوں کے ساتھ پروان چڑھنے والی قدیم تہذیبوں میسوپوٹیمیا تہذیب، وادیِ مصر تہذیب اور وادیِ سندھ تہذیب کی شناخت ان کے ادوار کے حساب سے کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے مصری تہذیب اور اہرام مصر کے بارے میں سوالات کریں۔ طلبہ سے مصری تہذیب کی طرزِ زندگی کے بارے میں سوال کریں۔ انھیں بتائیں آج کے سبق میں وہ وادیِ سندھ کی تہذیب کے بارے میں پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 46 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں وادیِ سندھ کی تہذیب تقریباً 2500 قبل مسیح دریائے سندھ کے گرد پروان چڑھی۔
- انھیں نقشہ دکھاتے ہوئے وادیِ سندھ کے بارے میں مزید بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں یہ تہذیب اپنے دور کی ترقی یافتہ تہذیب تھی۔ ہڑپہ اور موئن جو دڑو اس تہذیب کے اہم شہروں میں سے تھے۔ ان شہروں کی گلیاں اور سڑکیں پختہ تھیں۔
- جہاں نکاسی آب کا بہترین انتظام تھا۔ شہر میں وسیع و عریض عمارتیں، سرکاری دفاتر اور حمام وغیرہ موجود تھے۔
- طلبہ کو بتائیں وادیِ سندھ کے لوگ امن پسند تھے۔ ان کے پاس معمولی جنگی ہتھیار تھے۔ سوتی کپڑا وادیِ سندھ کے لوگوں کی ایجاد ہے۔
- انھیں وادیِ سندھ کی تہذیب کے زوال کے اسباب بتائیں۔

## اعادہ 3 منٹ

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق کا سوال (ا) کا جواب طلبہ سے سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

(الف) حقائق کو ان کی متعلقہ تہذیبوں سے ملائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| فرعون | | دریائے سندھ |
| سمیری اور بابل | میسوپوٹیمیا کی تہذیب | موئن جودڑو اور ہڑپّہ |
| ممی | مصر کی تہذیب | دریائے دَجلہ اور فرات |
| ناپ تول کے لیے باٹ | وادی سندھ کی تہذیب | بادبانی کشتی کی ایجاد |
| قحط سالی | | اہرام |

| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام:________ | ہفتہ: 7 | تاریخ:________ | وقت: 40منٹ |

| باب چہارم: تاریخ (History) | سبق کا نام: قیام پاکستان میں صوبوں/علاقوں کا کردار اور پاکستان کی اہم تاریخی شخصیات |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قیام پاکستان میں اپنے علاقے، صوبے کی شرکت اور جدوجہد کی وضاحت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- پاکستان کا پورا نام بتائیں۔
- پاکستان کے بانی کون ہیں؟
- آپ کا تعلق پاکستان کے کس صوبے اور علاقے سے ہے۔

طلبہ سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 49 سے پہلے پیراگراف کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں بتائیں برصغیر میں پاکستان اور ہندوستان ایک ریاست کا حصہ تھے۔ برصغیر پاک و ہند پر مسلمان ایک ہزار سال تک حکومت کرتے رہے۔
- طلبہ کو بتائیں 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد برصغیر پر انگریزوں نے قبضہ کر لیا۔ اور پھر تقریباً 100 سال تک انگریز یہاں حکمرانی کرتے رہے۔
- طلبہ کو بتائیں برصغیر میں رہتے ہوئے ہمیں الگ ریاست بنانے کی ضرورت کیوں پڑی۔
- طلبہ کو بتائیں برصغیر میں رہتے ہوئے مسلمانوں اور ہندوؤں کے بہت سے نظریات مختلف تھے، جس کی بنا پر مسلمانوں نے اپنے حقوق کے لیے 1906ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کی بنیاد رکھی۔ 23 مارچ 1940ء کو لاہور کے منٹو پارک میں ایک تاریخی قرارداد، "قرارداد پاکستان" پیش کی گئی۔ اس قرارداد کے تحت بالا طران تھک محنت اور کوششوں کے بعد 14 اگست 1947ء کو مسلمان علیحدہ وطن حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ** | **3منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کا مختصراًاعادہ کروائیں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **5منٹ** |

متن سے متعلق طلبہ سے سوالات کے جوابات پوچھیں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 3 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب چہارم: تاریخ (History) | سبق کا نام: قیامِ پاکستان میں صوبوں/علاقوں کا کردار اور پاکستان کی اہم تاریخی شخصیات |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قیامِ پاکستان میں اپنے علاقے، صوبے کی شرکت اور جدوجہد کی وضاحت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- 1857ء کی جنگِ آزادی کے بعد برصغیر کا اقتدار کس نے سنبھالا؟
- آل انڈیا مسلم لیگ کب بنائی گئی؟
- قراردادِ پاکستان کب پیش کی گئی؟

طلبہ سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

انھیں بتائیں آج کے سبق میں وہ قیامِ پاکستان میں صوبہ پنجاب اور سندھ کا کردار پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 49 تا 50 متن کی پڑھیں کروائیں۔
- انھیں بتائیں پاکستان کے تمام صوبوں اور علاقوں کا پاکستان کی آزادی میں اہم کردار تھا۔
- طلبہ کو صوبہ پنجاب کا کردار واضح کریں۔ قیامِ پاکستان سے پہلے ہی سے پنجاب سیاسی سرگرمیوں کا مرکز رہا ہے۔

علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ کا تعلق پنجاب سے تھا۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ نے پاکستان کا تصور پیش کیا۔

آپ کے علاوہ سر شفیع محمد، برکت علی، بیگم جہاں آرا شاہنواز پنجاب کے نمایاں رہنماؤں میں سے تھے۔ علیحدہ وطن کے مطالبے کے لیے 23 مارچ 1940ء کو لاہور میں قراردادِ پاکستان پیش ہوئی۔

- طلبہ کو سندھ کا کردار بتائیں۔ انھیں بتائیں سندھ وہ خطہ ہے جہاں سے اسلام برصغیر اور دوسرے حصوں میں پھیلا۔ 712 میں محمد بن قاسم نے سندھ کو فتح کیا اور اسے اسلامی خلافت کا حصہ بنا دیا۔

- انھیں مزید بتائیں سندھ پہلا صوبہ تھا۔ جس نے آزاد مسلم ریاست کے لیے ایک قرار داد منظور کی۔ یہاں کے طلبہ نے تحریک پاکستان میں فعال کردار ادا کیا۔ غلام حسین ہدایت اللہ، میر بندے علی تالپور اور محمد ایوب کھوڑہ سر گرم رہ نما تھے۔

**اعادہ** — **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق سے متعلق مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** — **5منٹ**

اساتذہ کرام مشق سے متن کے حوالے سے طلبہ سے سوال کے جواب پوچھیں۔

**گھر کا کام:** — **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

(الف) آبادی کے لحاظ سے پاکستان کے سب سے بڑے صوبے کا نام بتائیں۔

__________________________________________

__________________________________________

(ب) صوبہ سندھ کے اہم رہ نماؤں کے نام لکھیں۔

__________________________________________

__________________________________________

__________________________________________

(ج) صوبہ پنجاب کے چند رہ نماؤں کے نام لکھیں۔

__________________________________________

__________________________________________

__________________________________________